سوال

(582)چھالیہ اورنسوار کی حیثیت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

چھالیہ نسوار کھانا یا سگریٹ پینا شرعی لحاظ سے کیسا ہے ؟ جب کہ ان اشیاء کو کھانے یا پینے والے عموماً بسم اللہ پڑھ کر کھانے پینے کا اہتمام نہیں کرتے اور نہ ہی بیٹھ کر ایک جگہ کھاتے پیتے ہیں بلکہ زیادہ تر چلتے پھرتے اور کھڑے کھڑے پان وغیرہ کھاتے اور سگریٹ نوشی کرتے ہیں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سگریٹ پینا یا ہر وہ شیٔ استعمال کرنا جس میں تمبا کو یا کسی نشہ آور شے کی آمیزش ہو یہ حرام ہے کیونکہ یہ مفتر و مسکر میں داخل ہے جس سے حدیث میں منع کیا گیا ہے اس کے علاوہ کا جواز ہے بشرطیکہ کھانا پینا شرعی آداب کے مطابق ہو عام حالات میں مباح شے کو بیٹھ کر کھانا پینا سنت ہے الایہ کہ کوئی عارضہ لاحق ہو تو کھڑے ہو کر بھی کھایا پیا جا سکتا ہے اس طرح کھانے پینے سے پہلے "بسم اللہ" بھی پڑھنی چاہیے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص861

محدث فتویٰ